لا فتی الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ شعبان المعظم سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲ اپریل سنہ ۱۹۲۳ء	نمبر ۱۴

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر۔	۱
۲	[illegible] سالگرہ [illegible]۔	۲
۳	انتظام بابت رخصت تحصیلدار صاحب سوار۔	″
۴	نسبت ادخال آمدنی [illegible]۔	″
۵	بابت [illegible] نیلام [illegible]۔	″
۶	عطاء اختیارات بقائم مقام تحصیلدار [illegible] سوار۔	″
۷	نقشہ نرخنامہ [illegible]	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۰ مارچ سنہ ۱۹۲۳ء

حاجی محمد ہادی حسن خان بہادر پرائیویٹ سکریٹری کی رخصت مستعملہ ختم ہوگئی لہذا بانتظام سابقہ مزید رخصت چھ ماہ کی منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون

مخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

ترمیم تاریخ

۲۲ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بحوالہ اخبار پانیر تعطیل سالگرہ ملک معظم مندرجہ نقشہ تعطیلات ۳ جون ۱۹۲۳ء کی بجائے ۲ جون ۱۹۲۳ء کو منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر منشی فیروز شاہ خان تحصیلدار کو رخصت تین ماہ بوجہ علالت با انتظام مندرجہ تحت منظور کی جاتی ہے۔

۱۔ قاضی سلیم الحق نائب تحصیلدار حضور تحصیل بمشاہرہ ساٹھ روپیہ قائم مقام تحصیلدار مقرر ہوں اور بیس روپیہ ماہوار الاونس قائم مقامی پائیں۔ ۲۔ منشی جوگل کشور محرر سرسری حضور تحصیل بمشاہرہ تیس روپیہ قائم مقام نائب تحصیلدار حضور تحصیل مقرر کیے جائیں اور سات روپیہ ماہوار الاونس قائم مقامی پائیں۔ ۳۔ بجائے محرر سرسری چمن پرشاد امیدوار حضور تحصیل بمشاہرہ پندرہ روپیہ مقرر کیا جائے۔ ۴۔ اس حساب سے مجملہ تنخواہ منشی فیروز شاہ خان تعدادی سو روپیہ ماہوار اٹھاون روپیہ ماہوار بچتے ہیں جو زمانہ رخصت میں منشی فیروز شاہ خان کو ملیں گے اور یہ انتظام بطور عارضی تا ختم رخصت مذکورہ بالا جاری رہے گا۔ بغرض اجرائے احکام کاغذات صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور قائم مقام تحصیلدار صاحب کو اسسٹنٹ کلکٹری درجہ دوم کے اختیارات دیے جائیں اور اجرائے حکم میں یہ صراحت کر دی جائے کہ ابھی سرسری تحصیل حضور کے کام کی نگرانی و ذمہ داری منشی جوگل کشور قائم مقام نائب تحصیلدار کے رہے گی۔ ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء۔

بدستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

بغرض مصالح انتظامی

حکم ہوا کہ

تا تاریخ امروزہ سے جس قدر بجلی گھر کی آمدنی روزانہ وصول ہو وہ روزانہ سپرد کی جائے اور اگر کسی دن تعطیل ہو اور خزانہ بند ہو تو آمدنی دکان خزانہ میں امانتاً جمع کر دیجائے اور کچہری کھلنے پر فوراً سیاہہ کی جائے۔ چونکہ بعض فوری ضروریات بھی لاحق ہو جاتی ہیں اس لیے یہ انتظام کیا جاتا ہے کہ مبلغ چار سو روپیہ نقد ان فوری ضرورتوں کے لیے تحویلدار کے پاس رکھے جائیں۔ اس سے زیادہ کوئی رقم نزد ات یا اور کسی مد کی کسی کے پاس ہرگز نہ رہے۔ کوئی رقم سوائے تحویلدار کے کسی کلرک وغیرہ کے پاس ہرگز نہ رکھی جائے اور نہ بھی کسی کو سوائے تحویلدار کے روپیہ کے وصول و واپسی یا لانے اور لے جانے کا کام سپرد کیا جائے۔ وہی رقوم کے متعلق ہر کام کا ذمہ دار ہوگا۔ اور اسی کی تحویل میں آمدنی برقی وغیرہ متعلق صیغہ برقی روشنی رہے گی۔ نقل روبکار ہذا تعمیلاً و اطلاعاً خدمت میں انجینئر صاحب برقی روشنی کے مرسل ہو۔ اور ایک نقل دیوان صاحب حضور کی خدمت میں اور ایک نقل بخدمت شریف جناب فائننشل سکریٹری بہادر بغرض اطلاع سررشتہ آڈٹ بھیجی جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو اور ایک نقل فائل بک میں لگی جائے۔ فقط۔

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۲۴ مارچ ۱۹۲۳ء

بابت واپسی بحیث زر نیلام راسان از مویشی خانہ جات

حسب صدور حکم منظوری اجلاس ہمایوں آئندہ جبتک اصل مالک اپنی جانب سے پولیس میں خود رپورٹ لکھوائے یا سوائے مالک کے کوئی اور شخص پولیس میں ملکیت راس کی رپورٹ لکھوائے تو اصل مالک کا جبتک حوالہ نہ لکھوائے واپسی زر بحیث نیلام راس کی ہرگز کارروائی نہ کیجائے۔ واپسی زر بحیث نیلام راس اس صورت میں ہوگی کہ جب اصل مالک اپنی جانب سے ملکیت راس کی رپورٹ پولیس میں لکھوا چکا ہو یا غیر شخص جو رپورٹ پولیس میں لکھوائے تو اصل مالک راس کا حوالہ رپورٹ پولیس میں درج کر چکا ہو۔ باجرائے احکام جملہ تحصیلدار صاحبان کو اطلاع دیجائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اور ایک نقل فائل بک اجلاس میں چسپاں ہو۔

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

مخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

عطاء اختیارات

۲۷ مارچ ۱۹۲۳ء

قاضی سلیم الحق قائم مقام تحصیلدار کو تا قیام قائم مقامی اختیارات مجسٹریٹی درجہ دوم و جوڈیشل اور منصفی درجہ اول دیوانی میں عارضی طور پر دیے گئے۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۵ لغایت ۳۱ مارچ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ا ر					۵ ا ر	
نخود خالص	۸۰ا ر	۰				۸ ا ر	
نخود کسہ آمیز	۹ ا ر					۸۰ا ر	
کسہ	۹ ا ر					۹ ا ر	
ماش	۵ ا ر					۸ ا ر	
مونگ	۹ ا ر					۸ ا ر	
مکا	۹۰ا ر					۹ ا ر	
جئی	۰					۱۳ ا ر	
گوجئی	۰					۹ ا ر	
عدس	۱۲ ا ر					۱۰ ا ر	
ارہر	۰					۱۰ ا ر	
برنج	۴۰ا ر					۵ ا ر	
روغن زرد	۳ر ر ا ر					۰	
روغن سیاہ	۴ر ر ا ر					۱۰ ا ر	
روغن کنجد	۱ ا ر					۱ ا ر	
نمک سانبھر	۱۲۰ا ر					۱۱ ۲ ا ر	
نمک لاہوری	۶ ا ر					۷ ا ر	
قند سیاہ	۵ ا ر					۵ ا ر	
باجرہ	۸ ا ر					۰	